سوال

(538)ناجائزمال سے تجارت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) زید نے کچھ مال ناجائز ذرائع سے حاصل کیا ۔ عمرو نے زید سے وہی مال خرید کر جائز نفع پر آگے تجارت کی عمرو کی تجارت کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟ (2) پتنگ بازی کے لیے جو دھاگہ استعمال ہوتا ہے اس کی تجارت کے متعلق کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1) عمرو کی تجارت شرعی لحاظ سے درست ہے بشرطیکہ وہ زید کے ناجائز ذرائع والے کاروبار میں شریک ومعاون نہ رہا ہو۔

(2) پتنگ بازی جائز نہیں اس لیے محض پتنگ بازی کے لیے استعمال ہونے والا دھاگہ تیار کرنا دھاگہ کی تجارت کرنا درست نہیں ۔ واللہ اعلم

وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى ﴿ ﴾ ﴿ ﴾ ﴿ ﴾ ﴿ ﴾ --مائدة2

ولا تعاونوا على ا لإثم وا لعد وان --مائدة2

''اورگناہ اورزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون نہ کرو''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[احکام ومسائل](#)

[خریدوفروخت کے مسائل ج1ص379](#)

[محدث فتویٰ](#)